Date:7-07-2016

پاگل کفار کے بارے میں فتوی

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء:اگر کوئی کافر ساری زندگی پاگل رہے۔اس کا دنیا وآخرت میں کیا ہوگا ؟اس سے کافروں جیسا سلوک ہوگا یا مسلمانوں جیسا؟ کیونکہ میں ایک کافر کی support assistant تھی جو مینٹل تھا۔اب وہ مر گیا ہے۔اس کے بارے میں یہ سوال میرے ذہن میں اکثر آتا ہے۔

سائل : نزہت یوکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایسا پاگل ومجنون شخص دنیاوی معاملات میں اپنے والدین کے تابع قرار دیا جائے گا یعنی اس کے ساتھ کافروں جیسا سلوک کیا جائے کہ نہ اس کو غسل وکفن دیں گے اور نہ اس کے لیے جنازہ ودعا کی جائے گی اور نہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے گا۔ لیکن اگر بالغ ہونے سے پہلے یا بعد مسلمان ہوگیا تھا اور بعد میں مجنون ہوا تو ایسا شخص مسلمان ہے۔

جیسا کہ بہار شریعت میں ہے کہ مجنون بھی بچہ ہی کے حکم میں ہے کہ وہ تابع قرار دیا جائے گا، جبکہ جنون اصلی ہو اور بلوغ سے پہلے یا بعد بلوغ مسلمان تھا پھر مجنون ہوگیا تو کسی کا تابع نہیں، بلکہ یہ مسلمان ہے۔ بوہرے کا بھی یہی حکم ہے، کہ اصلی ہے تو تابع اور عارضی ہے تو نہیں۔ [بہار شریعت ج ۲ حصہ ۷ ص ۹۳]

سیدی اعلی حضرت امام اہل سنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن تبعیت کے معنی کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ وہ مر جائے تو اس کے جنازے کی نماز نہ پڑھیں گے، مسلمانوں کی طرح غسل وکفن نہ دیں گے، مقابر مسلمین میں دفن نہ کریں گے۔ [فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۴۵۰]

اور آخرت میں ان کے ساتھ کیا ہوگا اس کے بارے میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ اصل حقیت تو اللہ عزوجل ہی بہتر جانتا ہے۔ مگر اس کی فضل ورحمت سے امید ہے کہ وہ ایسوں کو بخش دے گا۔ مرات المناجیح میں مفتی احمد یار خان علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ دیوانے جو دیوانگی میں فوت ہوئے ان کا کچھ حساب نہیں۔ [مرات المناجیح ج ۷ حدیث نمبر ۴۳۹]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

English Translation

Question: If a disbeliever remains insane all his life what will happen to him in this world and the hereafter? Will he be treated as a Muslim or a non-Muslim? As I was a support assistant for a mental patient who was a disbeliever and he has now passed away this question often comes to my mind.

Answer:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

Such a mentally insane person will be considered in accordance to the following of his parents in wordly matters i.e. he should be treated as a disbeliever. He should not be washed or shrouded nor should the funeral prayer be read over him or supplication made nor should he be buried in the graveyards of the Muslims. However if he embraced Islam prior to becoming bāligh or after becoming bāligh and then became insane such a person is a Muslim.

As is mentioned in Bahār-e-Sharī'at that an insane person is in the rule of a child in that he will be considered in [the] following [of his parents], when the insanity is original. If he was Muslim prior to or after bulūgh and then became insane he is not considered in following to anyone rather he is a Muslim. This is the same rule for someone who is extremely mentally deficient i.e. that if this an original state then he is considered in following [his parents] and if it has befallen him at some point then he is not considered in following [his parents].

[Bahār-e-Sharī'at Volume 2, Part 7, Page 93]

My master A'la Hazrat Imām Ahl al-Sunnah Ahmad Ridā Khān (may Allāh cover him with mercy) in explaining the meaning of 'following' [taba'iyyat] has said that if he dies then we will not deliver his funeral prayer and we will not wash and shroud him as a Muslim not will we bury him in the graveyards of the Muslims.

[al-Fatāwā al-Ridwiyyah Volume 28 page 450]

As for what will happen to such people in the hereafter then there are differing views amongst the 'Ulamā`. The true reality is known by Allāh The Glorious The Majestic. But one has hope in His grace and mercy that He will forgive such people. Muftī Ahmad Yār Khān (may Allāh cover him with mercy) has said in Mir`āt al-Manājīh that the originally insane who pass away in that state of insanity then there is no accountability for them.

[Mir`āt al-Manājīh Volume 7 Hadith 439]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری